روزنامہ

الفضل

FD-10 (ٹیلی فون نمبر 047-6213029)

قائمقام ایڈیٹر : فخرالحق شمس

web: http://www.alfazl.org

email: editor@alfazl.org

جمعرات 29/ اکتوبر 2009ء 9 ذیقعد 1430 ہجری 29 اخاء 1388 ہش جلد 59-94 نمبر 245

حسین اخلاق

حضرت ابن مسعودؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ یہ دعا کرتے تھے۔

اے اللہ تو نے مجھے خوبصورت شکل وشباہت عطا کی ہے اب میرے اخلاق بھی حسین اور دلکش بنا دے۔

﴿مسند احمد۔ مسند المكثرين من الصحابه حديث نمبر:3632﴾

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

غور کرو کہ ایک نیکی کرنے سے دوسری نیکی پیدا ہوتی ہے اور اسی طرح پر ایک بدی دوسری بدی کا موجب ہو جاتی ہے۔ جیسے ایک چیز دوسری کو جذب کرتی ہے۔ اسی طرح خدا تعالیٰ نے یہ تجاذب کا مسئلہ ہر فعل میں رکھا ہوا ہے۔ پس جب سائل سے نرمی کے ساتھ پیش آئے گا اور اس طرح پر اخلاقی صدقہ دے دے گا، تو قبض دور ہو کر دوسری نیکی بھی کر لے گا اور اس کو کچھ دے بھی دے گا۔

اخلاق دوسری نیکیوں کی کلید ہے۔ جو لوگ اخلاق کی اصلاح نہیں کرتے وہ رفتہ رفتہ بے خیر ہو جاتے ہیں۔ میرا تو یہ مذہب کہ دنیا میں ہر ایک چیز کام آتی ہے۔ زہر اور نجاست بھی کام آتی ہے۔ اسٹرکنیا بھی کام آتا ہے۔ اعصاب پر اپنا اثر ڈالتا ہے۔ مگر انسان جو اخلاق فاضلہ کو حاصل کر کے نفع رساں ہستی نہیں بنتا۔ ایسا ہو جاتا ہے کہ وہ کسی بھی کام نہیں آ سکتا۔ مردار حیوان سے بھی بدتر ہو جاتا ہے۔ کیونکہ اس کی تو کھال اور ہڈیاں بھی کام آ جاتی ہیں۔ اس کی تو کھال بھی کام نہیں آتی اور یہی وہ مقام ہوتا ہے۔ جہاں انسان بل ھم اضل کا مصداق ہو جاتا ہے۔ پس یاد رکھو کہ اخلاق کی درستی بہت ضروری چیز ہے، کیونکہ نیکیوں کی ماں اخلاق ہی ہے۔

خیر کا پہلا درجہ جہاں سے انسان قوت پاتا ہے اخلاق ہے۔ دو2 لفظ ہیں۔ ایک خَلق اور دوسرا خُلق۔ خَلق ظاہری پیدائش کا نام ہے اور خُلق باطنی پیدائش کا۔ جیسے ظاہر میں کوئی خوب صورت ہوتا ہے اور کوئی بہت ہی بدصورت۔ اسی طرح پر کوئی اندرونی پیدائش میں نہایت حسین اور دلربا ہوتا ہے اور کوئی اندر سے مجذوم اور مبروص کی طرح مکروہ۔ لیکن ظاہری صورت چونکہ نظر آتی ہے، اس لئے ہر شخص دیکھتے ہی پہچان لیتا ہے اور خوبصورتی کو پسند کرتا ہے اور نہیں چاہتا کہ بدصورت اور بدوضع ہو، مگر چونکہ اس کو دیکھتا ہے اس لئے اس کو پسند کرتا ہے اور خُلق کو چونکہ دیکھا نہیں، اس لئے اس کی خوبی سے ناآشنا ہو کر اس کو نہیں چاہتا۔ ایک اندھے کے لئے خوبصورتی اور بدصورتی دونوں ایک ہی ہیں۔ اسی طرح پر وہ انسان جس کی نظر اندرونہ تک نہیں پہنچتی، اس اندھے ہی کی مانند ہے۔ خَلق تو ایک بدیہی بات ہے۔ مگر خُلق ایک نظری مسئلہ ہے۔ اگر اخلاقی بدیاں اور ان کی لعنت معلوم ہو۔ تو حقیقت کھلے۔ غرض اخلاقی خوبصورتی ایک ایسی خوبصورتی ہے، جس کو حقیقی خوبصورتی کہنا چاہئے۔ بہت تھوڑے ہیں جو اس کو پہچانتے ہیں۔ اخلاق نیکیوں کی کلید ہے۔ جیسے باغ کے دروازے پر قُفل ہو۔ دور سے پھل پھول نظر آتے ہیں۔ مگر اندر نہیں جا سکتے۔ لیکن اگر قفل کھول دیا جاوے، تو اندر جا کر پوری حقیقت معلوم ہوتی ہے اور دل ودماغ میں ایک سرور اور تازگی آتی ہے۔ اخلاق کو حاصل کرنا گویا اس قفل کو کھول کر اندر داخل ہونا ہے۔

﴿ملفوظات جلد اول ص 354﴾

ماٹو شوریٰ 2009ء

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں۔

''یہ کہ اتباع رسم اور متابعت ہواوہوس سے باز آجائے گا اور قرآن شریف کی حکومت کو بکلّی اپنے سر پر قبول کرے گا۔ اور قال اللہ اور قال الرسول کو اپنے ہر یک راہ میں دستور العمل قرار دے گا''۔ ﴿چھٹی شرط بیعت﴾

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اختتامی خطاب بر موقعہ جلسہ سالانہ جرمنی 24/ اگست 2003ء میں فرماتے ہیں:۔

''اللہ اور رسول ہم سے کیا چاہتے ہیں، یہی کہ رسم و رواج اور ہوا و ہوس چھوڑ کر میرے احکامات پر عمل کرو۔...... پس رسم و رواج سے بچنا اور ہوا و ہوس سے بچنا...... تعلیم کا حصہ ہے اور اس تعلیم کو سمجھنے کے لئے ہمارے لئے رہنما قرآن شریف ہے اور اصل میں تو اگر ایک مومن قرآن شریف کو مکمل طور پر اپنی زندگی کا دستور العمل بنالے تو تمام برائیاں خود بخود ختم ہو جاتی ہیں۔...... اور پھر جہاں ضرورت تھی آنحضرت ﷺ نے اپنے عمل سے اپنے فعل سے اپنے قول سے اس کی وضاحت فرمادی اس لئے حضرت مسیح موعود نے فرمایا کہ اس کو اپنے سر پر قبول کرو۔''

﴿مرسلہ: ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ بسلسلہ تعمیل فیصلہ جات شوریٰ 2009ء﴾

انگلش لینگوئج کورس

لیول 3 میں داخلہ

وقف نو لینگوئج انسٹیٹیوٹ لوکل انجمن احمدیہ ربوہ میں انگریزی زبان کا کورس لیول 3 شروع کیا جارہا ہے۔ انسٹیٹیوٹ سے لیول 2 پاس کرنے والی طالبات مورخہ 2 نومبر 2009ء کو بعد نماز عصر رجسٹریشن فارم حاصل کر لیں۔ مزید معلومات کیلئے فون نمبر 0476011966 پر رابطہ کریں۔

﴿انچارج وقف نو لینگوئج انسٹیٹیوٹ ربوہ﴾

محترم مولانا دوست محمد صاحب شاہد مورخ احمدیت

عالم روحانی کے لعل و جواہر نمبر 553

تین احادیث قدسیہ

ہمارے نبی کریم محمد عربی ﷺ کا ارشاد مبارک ہے کہ یاد رکھو کہ مجھے کتاب اللہ (قرآن عظیم) کے ساتھ اس جیسی اور بھی (وحی) عطا ہوئی ہے۔ اس پرراز حکمت وعرفان حدیث میں نہ صرف سنت کی طرف جلی اشارہ ہے بلکہ قدسی احادیث کی بھی نشان دہی فرمائی گئی۔ حضرت امام نووی ابو زکریا۔ یحییٰ بن شرف الدینؒ (ولادت 1234ء۔ وفات 1267ء) اورعہد حاضر کے ایک عرب سکالر نے ''الاحادیث القدسیہ'' کے نام سے شہ لولاک کے ان ربانی کلمات کا خزانہ نہایت عرقریزی سے کتب احادیث سے فراہم کیا اور قیامت تک عشاق رسول عربیؐ کے لئے محفوظ کر دیا ہے۔ ثانی الذکر کتاب ''مقدس باتیں'' کے نام سے بنوری ٹاؤن کراچی نے گیارہ برس قبل شائع کر دی ہے اورنہایت درجہ قابل قدر اور لائق دید ہے۔ ذیل میں بطور نمونہ تین قدسی احادیث کا اردو ترجمہ ہدیہ قارئین الفضل ہے۔

آستانۂ الوہیت سے ابدی انعام

صحیح مسلم شریف میں بلند پایہ صحابی حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی کہ اللہ عزوجل جنتیوں کو خطاب کرتے ہوئے ارشاد فرمائے گا اے اہل جنت وہ عرض کریں گے ہمارے رب ہم حاضر ہیں سب سعادت و خیر تیرے ہی ہاتھ میں ہے۔ خدا فرمائے گا کہ تم راضی ہو وہ عرض کریں گے۔ ہم کیونکر راضی نہ ہوں گے تو نے ہمیں وہ کچھ عطا فرمایا مخلوق میں جو کسی کو نہیں دیا۔ خدا تعالیٰ فرمائے گا کیا میں تمہیں اس سے بھی افضل عطا نہ کروں وہ عرض کریں گے اے رب بھلا اس سے افضل کیا ہوگی فرمایا **میں نے اپنی رضوان تمہیں عطا کر دی اب میں کبھی تم پر ناراض نہیں ہوں گا۔**

(ترجمہ از ''الاحادیث القدسیہ'' صفحہ 189)

اہل جنت کو کاشتکاری کی اجازت

امام المحدثین حضرت امام بخاری رحمہ اللہ نے کتاب التوحید کے باب کلام الرب مع اہل الجنۃ (9-151) پر ذکر کیا ہے کہ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک روز نبی کریم ﷺ حدیث بیان فرما رہے تھے (آپ کے پاس ایک دیہات کے رہنے والے بیٹھے تھے) کہ ایک جنتی نے اپنے پروردگار سے کاشت کی اجازت طلب کی تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا: کیا تمہیں جنت میں ہر طرح کی نعمتیں حاصل نہیں ہیں؟ اس نے کہا! کیوں نہیں! لیکن میں کاشت کاری پسند کرتا ہوں، (اس کو اجازت مل گئی) اس نے جلدی سے بیج بو دیئے اور پلک جھپکتے ہی کھیتی نکلی اور پک گئی اور کاٹنے اور ذخیرہ میں رکھنے کا وقت آ گیا، وہ پہاڑوں کے برابر تھی، اللہ تعالیٰ ارشاد فرمائیں گے: اے ابن آدم لے لو! اس لئے کہ تمہارا پیٹ کسی چیز سے نہیں بھرتا، اس اعرابی نے کہا: اے اللہ کے رسول: یہ شخص قریش یا انصاری ہی ہوگا اس لئے کہ یہی لوگ کھیتی والے ہیں، ہم تو کھیتی والے ہیں نہیں، یہ سن کر رسول اللہ ﷺ مسکرا دیئے۔

(مقدس باتیں صفحہ 510-511)

اعمالنامے کے ننانوے رجسٹر

اس حدیث کو امام ترمذی نے اپنی جامع میں باب فیمن یموت............ میں روایت کیا ہے۔

حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہما سے مروی ہے وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: قیامت کے روز اللہ تعالیٰ تمام مخلوق کے سامنے میری امت کے ایک شخص کو نجات دیں گے، اس کے سامنے ننانوے رجسٹر پھیلا دیئے جائیں گے۔ ہر رجسٹر اتنا دراز ہوگا جہاں تک نگاہ جائے گی۔ پھر اللہ تعالیٰ اس بندے سے فرمائیں گے۔ کیا تو ان میں سے کسی چیز کا انکار کرتا ہے؟ کیا میرے ان فرشتوں نے تجھ پر ظلم کیا ہے جو حفاظت و کتابت کے لئے مقرر ہیں؟ وہ کہے گا: جی نہیں! اے رب، اللہ تعالیٰ فرمائیں گے۔ تو کیا تیرے پاس کوئی عذر ہے؟ وہ کہے گا! جی نہیں اے میرے رب! اللہ تعالیٰ فرمائیں گے: کیوں نہیں تیری ایک نیکی موجود ہے اور آج تجھ پر کوئی ظلم نہیں کیا جائے گا۔ چنانچہ ایک پرچہ نکالا جائے گا جس میں............ کلمہ طیبہ لکھا ہوگا۔

اللہ تعالیٰ ارشاد فرمائیں گے کہ اس کے وزن کرانے کے لئے آ جاؤ، وہ عرض کرے گا: اے رب! اس ایک پرچے کی ان بڑے رجسٹروں کے سامنے کیا حیثیت ہے؟ ارشاد ہوگا: تجھ پر آج ظلم نہیں کیا جائے گا۔ فرمایا: **پھر تمام رجسٹر ایک پلڑے میں رکھ دیئے جائیں گے اور وہ پرچہ دوسرے پلڑے میں اور وہ رجسٹر اڑ جائیں گے اور یہ پرچہ بھاری ہو جائے گا۔ اللہ جل شانہٗ کے نام کے سامنے کوئی چیز وزنی اور بھاری نہیں ہوسکتی۔**

(مقدس باتیں صفحہ 56-57)

''مسرور'' تجھ پہ سایۂ رحمت رہے سدا''

وہ زندگی کے موڑ پر کچھ یوں ملا کہ، پھر
آنکھوں میں ہم نے خواب نرالے سجا لئے

وہ جانِ بزم آرزو اتنا حسین ہے
گرد اس کے کہکشاں نے ہالے بنا لئے

قدموں میں جس خلوص سے سر اپنا رکھ دیا
دیکھ اہلِ دل نے اُس کے حوالے بنا لئے

ہم نے تو دیکھ سارے زمانے کو چھوڑ کر
ان چاہتوں کے پھول اور لالے اُگا لئے

کس تمکنت سے آیا ہے محفل میں وہ نسیم
مہ و مہر نے بھی دیکھ اُجالے چھپا لئے

'مسرور' تجھ پہ سایۂ رحمت رہے سدا
دل میں ہمارے تیری محبت رہے سدا

.... ﴿نسیم چوہدری﴾

میرے وطن کی خیر ہو اے ربِّ کائنات
اس کو عُدو کے شر سے یا رب سدا بچا
میرے وطن میں مر رہے ہیں لوگ صبح و شام
کر فضل ہم پہ ایسا کہ جس سے ملے بقا

.... ﴿خواجہ عبدالمومن﴾

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ ﴿مطبع: ضیاء الاسلام پریس﴾ ﴿مقام اشاعت﴾ دارالنصر غربی چناب نگر ﴿ربوہ﴾ قیمت 5 روپے

مکرم پروفیسر راجا نصر اللہ خان صاحب

متبحر عالم۔ محقق اور باغ و بہار شخصیت

محترم مولانا دوست محمد شاہد صاحب کا ذکر خیر

سلسلہ کے فدائی، مؤرخ احمدیت اور جید عالم محترم مولانا دوست محمد شاہد صاحب 26/اگست 2009ء کو اپنے مولیٰ کے حضور حاضر ہوگئے۔ ع

دعا میری سدا یہ ہے تجھے جنت میں راحت ہو!

خاکسار مشن ہائی سکول ڈلوال سے میٹرک کا امتحان پاس کر کے 56-1955ء میں مرکز سلسلہ ربوہ میں تعلیم الاسلام کالج کا طالبعلم بنا۔ ان دنوں ربوہ کی آبادی کم کم اور کھلی کھلی تھی۔ ربوہ کے اکثر باسی ایک دوسرے کو جانتے پہچانتے تھے۔ وہ سادگی اور خاص روحانی رونقوں کے دن تھے۔ روزنامہ الفضل میں اکثر اعلان آجاتا کہ سلسلہ کے فلاں عالم یا بزرگ فلاں محلّہ کی بیت الذکر میں تقریر کریں گے۔ اس زمانہ میں یہ اجلاس اور محفلیں بڑی دلچسپی اور روحانی رونق کا باعث ہوتی تھیں۔ ہم لوگ بڑے شوق سے مختلف محلوں میں جا کر اپنے محترم علماء کی دلچسپ اور پُرمغز تقاریر سنا کرتے تھے۔

ایسے اجلاسات اور جماعتی تقاریب کے ایک خوش بیان اور پُرجوش مقرر محترم ومکرم مولانا دوست محمد شاہد ہوتے تھے جن کی اکثر تقاریر ہم نے بیت المبارک میں سنیں۔ آپ اپنی تقاریر کے دوران خوبصورت آواز میں آیات قرآنیہ اور پاکیزہ شعر پڑھا کرتے تھے جو سامعین کو گرویدہ بنا لیتے تھے۔ بحیثیت طالبعلم خاکسار کے ربوہ میں مقیم ہو جانے اور محترم مولانا کی خوبصورت تقاریر سے بہرہ مند ہونے کے جلد بعد ہی ان سے سلام دعا کا سلسلہ قائم ہوگیا۔ ان کی طبیعت اتنی ملنسار، مشفقانہ اور باغ و بہار تھی کہ ہم ان سے مل کر خوشی اور شادمانی محسوس کرتے تھے، کالج کے ابتدائی زمانے کی ہی بات ہے کہ ایک جلسہ سالانہ کے دنوں میں ہم تین چار دوست ایک ٹھیلے کے پاس کھڑے ہو کر گنے کا رس پی رہے تھے کہ اتنے میں محترم مولانا کا وہاں سے گزر ہوا۔ ہم لوگ سلام کرنے کے لئے لپک کران کے پاس پہنچے۔ حسب معمول بہت چاہت اور شفقت سے ملے۔ ہم نے انہیں گنے کے رس کی دعوت دی اور وہ بخوشی ہمارے ساتھ شامل ہوگئے۔

دوالمیال ضلع جہلم (حال ضلع چکوال) ہمارے آبائی قصبہ ڈلوال سے کوئی دو میل شمال میں واقع ہے اور علاقہ بھر میں بفضل اللہ ہمیشہ سے دوالمیال کی یہ بستی احمدیت کا مرکز رہی ہے۔ جہاں قدیم دنوں سے گاؤں کے بالائی حصہ میں سفید پتھر کے چھوٹے سے ہوادار ٹیلے پر تعمیر شدہ احمدیوں کی اپنی کشادہ اور خوبصورت بیت الذکر موجود ہے (جسے اب مزید کشادہ اور خوبصورت بنایا گیا ہے) یہاں پر جماعت کا ایک اہم جلسہ منعقد ہوا۔ یہ 1960ء کی دہائی کا واقعہ ہے۔ اس زمانہ میں لاؤڈ سپیکر کی اجازت تھی۔ مرکز سے محترم شیخ نور احمد منیر صاحب اور محترم مولانا دوست محمد شاہد صاحب تشریف لائے۔ ان دنوں خاکسار کے بڑے بہنوئی مکرم ڈاکٹر راجہ نذیر احمد ظفر صاحب بھی ہمارے پاس ڈلوال آئے ہوئے تھے۔ بھائی جان ڈاکٹر صاحب اور میں بھی اس جلسے میں شریک ہوئے۔ رات کے اجلاس میں ڈاکٹر صاحب کی تقریر کے بعد محترم مولانا دوست محمد شاہد صاحب کی تقریر شروع ہوئی۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے آپ نے سماں باندھ دیا۔

محترم مولانا صاحب احمدیت اور خلافت کے فدائی اور سچے عاشق تھے۔ اپنے اخلاص و وفا اور خدمت و ایثار کی وجہ سے آپ کو حضرت مصلح موعود، حضرت خلیفۃ المسیح الثالث، حضرت خلیفۃ المسیح الرابع اور ہمارے موجودہ محبوب امام حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ الودود کی گہری خوشنودی اور پذیرائی حاصل ہونے کا برابر شرف حاصل رہا۔ خلافت کے ساتھ ان کی دلی وابستگی اور وارفتگی کا ایک واقعہ خاکسار کو یاد آرہا ہے غالباً 1984ء کا واقعہ ہے۔ خاکسار کالج میں تعطیلات گرما کی وجہ سے مڈل ایسٹ سے ربوہ آیا ہوا تھا۔ چونکہ چھٹیوں کے دوران کچھ ہفتے ہی وطن عزیز میں عارضی قیام ہوتا تھا۔ اس لئے خاکسار گھر سے تانگے پر بیت الاقصیٰ میں نماز جمعہ کے لئے روانگی کے لئے جاتا تھا۔ ایک جمعہ کو خاکسار معمول سے کچھ لیٹ ہوگیا اور تانگے پر جاتے ہوئے جب گولبازار تک پہنچا تو محترم مولانا دوست محمد شاہد صاحب تیز تیز قدم چلتے ہوئے نظر آئے۔ میں نے فوراً تانگے والے کو رکنے کے لئے کہا اور بڑے احترام سے محترم مولانا کو تانگے پر سوار ہونے کے لئے عرض کیا۔ محترم مولانا حسب عادت بہت تپاک سے ملے اور تانگے پر سوار ہوگئے۔ راستے میں فرمانے لگے کہ میں جمعے کے روز بھی خلافت لائبریری کے دفتر میں آکر بیٹھ جاتا ہوں اور منتظر رہتا ہوں کہ حضور (خلیفۃ المسیح الرابع) کی طرف سے کوئی حوالے وغیرہ کے متعلق پیغام موصول ہو تو فوراً تعمیل کروں اور پھر نماز جمعہ کے لئے بیت اقصیٰ پہنچ جاؤں۔

حقیقت یہ ہے کہ محترم مولانا کی علمیت اور نکتہ وری اور عاجزی وانکساری اور خاص طور پر خلافت سے عشق و اطاعت کی صفات حسنہ ان کے نجی خطوط میں بھی صاف جھلکتی ہیں۔

خاکسار اسے اپنی خوش قسمتی سمجھتا ہے کہ محترم مولانا کے کچھ نہایت ہی قابل قدر اور شفقت بھرے خطوط خاکسار کے پاس محفوظ ہیں۔ زیر نظر مضمون کے مندرجات کی مناسبت سے خاکسار ان میں سے کچھ اقتباسات درج کرے گا۔ ایک بات عرض کرنا چاہتا ہوں کہ محترم مولانا کے عجز و بےنفسی اور دوسروں کے لئے تکریم اور شفقت کا یہ حال تھا کہ مثال کے طور پر جو خطوط انہوں نے خاکسار کو لکھے ہیں ان میں القاب اور مندرجات اس عالی ظرفی اور کمال جذبہ تشکر سے تحریر فرمائے کہ خاکسار ''من آنم کہ من دانم'' کے مصداق ان الفاظ کے مقابل شرمندہ ہوتا ہے اور ان کو درج کرنے کی ہمت نہیں پاتا۔

محترم مولانا اپنے 4 جنوری 2006ء کے خط میں جلسہ سالانہ قادیان میں شمولیت کی سعادت اور حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کی عنایات اور خلافت کی برکات کا ذکر کرتے ہیں:۔

''الحمد للہ کہ عاجز کو جلسہ سالانہ اور زیارت (حضور) نصیب ہوئی جس کا مجھے وہم وگمان نہ تھا۔ حضور نے تبرک بھی عطا فرمایا اور ملاقاتیوں کے ہجوم اور عشاق خلافت کے پروانوں کی کثرت کے دوران خود یاد کر کے شرف ملاقات بخشا اور بعض اہم ہدایات تاریخ سے متعلق دیں اور کنگز لے جانے کی ہدایت فرمائی جو عاجز بخیریت تمام ربوہ لے آیا۔ ''ہوشیار پور ٹائمز'' اور ''ہند سماچار'' کے چیف ایڈیٹر نے پون گھنٹہ انٹرویو لیا اور آخر میں فرط عقیدت سے پانچ سو روپے بھی پیش کئے جو عاجز نے چندہ خدمت درویشاں میں اسی وقت جمع کرا دیئے۔ الحمد للہ ہندوستان بھر کے اردو ہندی اور انگریزی پریس نے حیرت انگیز کوریج دی''۔

محترم مولانا کو جناب الٰہی سے یہ خاص وصف عطا ہوا تھا کہ وہ ہر ملاقاتی کو مسکراتے چہرے کے ساتھ بڑے تپاک سے ملتے اور کوئی نہ کوئی علمی وروحانی نکتہ بھی گوش گزار کر دیتے۔ اسی طرح جب کسی محفل میں شریک ہوتے تو اپنی باغ و بہار شخصیت کی وجہ سے پوری محفل کی رونق بن جاتے تھے۔ اپنے وسیع علم وفضل کی وجہ سے علمی اور روحانی باتوں سے اہل مجلس کو مستفیض فرماتے اور ساتھ ساتھ لطیف مزاح اور واقعات سے دوستوں کو خوب محظوظ بھی کرتے تھے۔

محترم مولانا کی کتابوں کے ساتھ گہری محبت اور حد درجہ وسیع مطالعہ کا اس سے بڑھ کر کیا ثبوت ہوگا کہ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ الودود نے اپنے خطبہ جمعہ فرمودہ 28/اگست 2009ء میں محترم مولوی صاحب کی خصوصیات کا ذکر فرماتے ہوئے انہیں انسائیکلو پیڈیا قرار دیا ہے اور فرمایا کہ ان کی ذاتی لائبریری میں آٹھ ہزار کے قریب مختلف النوع کتب موجود ہیں۔ خلافت لائبریری کی بیشمار کتب اور رسائل وجرائد کا وسیع مطالعہ اس کے علاوہ ہے۔ محترم مولانا کا ایک مضمون روزنامہ الفضل مورخہ 14 مارچ 2008ء میں شائع ہوا تھا۔ جس میں آپ نے ان غیر معمولی اور ممتاز بزرگوں کا ذکر کیا ہے۔ جن کا شوق مطالعہ انہیں دنیا و مافیہا سے بےخبر کر دیتا تھا۔ یہ مثالی بزرگ کتابوں کے حصول اور حفاظت کے لئے بے حد مشقت اور محنت کرتے تھے اور بے دریغ خرچ برداشت کرتے تھے۔

اگر غور کیا جائے تو اس دور میں محترم مولانا دوست محمد شاہد صاحب اپنے مطالعہ اور کتابیں جمع کرنے اور پڑھنے میں بےحد نمایاں اور ممتاز نظر آئیں گے۔ انہیں پرانی اور نئی ہر طرح کی کتابیں پڑھنے کا بےحد شوق اور محاورہ حاصل تھا۔ حضرت خلیفۃ المسیح نے ان کے لئے ''چوٹی کے عالم'' کے الفاظ استعمال فرمائے ہیں جو قابل ہزار رشک ہیں۔

خاکسار نے اردو زبان میں اپنی پہلی تصنیف ''جو دل پہ گزرتی ہے'' کا تحفہ محترم مولوی صاحب کی خدمت میں ارسال کیا تو بہت خوشی کا اظہار فرمایا اور خاکسار کی بےحد پذیرائی اور حوصلہ افزائی فرمائی۔

محترم مولانا دوست محمد شاہد صاحب نے بکمال شفقت اپنی کچھ کتب اس عاجز کو بطور تحفہ عنایت فرمائیں جو علم وعرفان کے موتیوں سے لبریز ہیں۔

خاکسار کی والدہ محترمہ سعیدہ بیگم صاحبہ (جو حضرت محمد خان آف کپورتھلہ یکے از 313 رفقاء کی پوتی تھیں) بقضائے الٰہی مورخہ 10 دسمبر 2003ء کو وفات پا گئیں۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے والدہ محترمہ موصیہ تھیں اور بہشتی مقبرہ میں تدفین ہوئی۔ محترم مولانا دوست محمد شاہد صاحب نے بہت شفقت فرمائی اور خاکسار سے تعزیت کرنے کے لئے بہشتی مقبرہ پہنچے۔ خاکسار کے غم میں شریک ہوئے اور حوصلے اور دعا سے نوازا۔ اللہ تعالیٰ بہترین جزائے خیر عطا فرمائے۔ آمین

محترم ومکرم مولانا کا ایک کمال یہ بھی تھا کہ اپنے خطوط کو وقتاً فوقتاً خوبصورت اشعار اور مزیدار نکات سے مزین فرماتے جو تحریر کو بےحد شگفتہ بنا دیتے۔

آپ اپنے مکتوب مورخہ 9 مئی 2006ء میں تحریر فرماتے ہیں:۔

''آپ کی شاہکار نگارشات کا مرقع ''حاصل شام وسحر'' تو پہلے ہی خاکسار کی لائبریری کی زینت ہے اب پریکٹیکل سائنس کی حیثیت سے اس کا نہایت خوش ذائقہ اور نقرئی اور سفید براقی کا حامل پہلا ایڈیشن (مراد آئس کریم ہے۔ ناقل) بھی عطا ہوگیا ہے۔......

بہرکیف ذرہ نوازی کا ''سخت'' شکریہ۔ سخت اس لئے کہ گرمی بھی سخت تھی کہ آنمکرم کی برکت سے غیب سے برفانی Aid پہنچ گئی جو خالص تصرف الٰہی ہے''۔

جس ہستی کو حضرت خلیفۃ المسیح نے ''انسائیکلوپیڈیا'' اور ''حوالوں کے بادشاہ'' کا خطاب دیا ہو اس کے علم و فضل اور حافظے کا کیا کہنا!

خاکسار کو یاد ہے ایک دفعہ گولبازار میں ایک جماعتی جلسہ ہوا۔ یہ 1980ء کی دہائی کی بات ہے۔ خاکسار کو وہ جلسہ سننے کی سعادت حاصل ہوئی تھی۔ محترم مولانا نے اپنی تقریر کے دوران قبل از تقسیم کے ایک اخبار کا پرانا پرچہ سامعین کو دکھا کر اس میں سے ایک اہم حوالہ پڑھا اور بتایا کہ وہ یہ پرچہ قادیان سے ہجرت کے موقع پر اپنے ساتھ لائے تھے۔ مطلب یہ

کہ وہ حوالے بہت سنبھال کر رکھتے تھے اور وسیع مطالعہ کے بے حد شائق تھے۔ یعنی حوالوں کے بادشاہ ہونے کے ساتھ ساتھ کتابیں پڑھنے کے بھی بادشاہ تھے۔ ایک دفعہ ایک دوست نے مجھ سے ذکر کیا کہ انہیں خلیفہ راشد حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی اولاد کے بارہ میں کچھ معلومات درکار ہیں۔ میں نے یہ استفسار حضرت مولانا کی خدمت میں لکھ بھیجا۔ آپ نے فوراً جواب عنایت فرماتے ہوئے بکمال شفقت تحریر فرمایا:

''عرض خدمت ہے کہ تاریخ سے بالبداہت ثابت ہوتا ہے کہ حضرت عثمانؓ کے نو صاحبزادے اور سات صاحبزادیاں تھیں۔ اولاد میں مشہور صرف حضرت ابان بن عثمانؓ ہوئے جو مدینہ منورہ میں سات برس تک گورنر رہے اور جن کا شمار مدینہ کے دس ممتاز اور نامور فقہاء میں ہوتا ہے۔ یہ سب تفصیلات اردو دائرہ معارف اسلامیہ (پنجاب یونیورسٹی) جلد 12 ص 1010 اور جلد 1 ص 334 میں بھی موجود ہیں''۔

جب میں 1985ء میں بیرون ملک سے وطن واپس آگیا اور ربوہ میں سکونت پذیر ہوا تو میرے دل میں اس بات کی آرزو پیدا ہوئی کہ مناظرہ ڈلوال کی کچھ تفصیل معلوم کرنی چاہئے۔ چنانچہ اس سلسلہ میں خاکسار نے مکرم منور احمد عارف صاحب آف کلر کہار کی مدد سے کافی مواد جمع کرلیا۔ یہ مناظرہ دسمبر 1944ء میں میرے والد صاحب راجہ فضل داد خاں رئیس ڈلوال نے کرایا تھا۔ تاریخ احمدیت کے حوالہ کے لئے میں نے محترم مولانا کو عرض کیا تو آپ نے جواباً تحریر فرمایا۔

''مناظرہ ڈلوال'' کا ذکر تاریخ احمدیت جلد 10 ص 238 پر زیب اشاعت ہوا ہے۔

لیکن جو بات انتہائی حیرت کا باعث ہے وہ یہ کہ جب خاکسار نے متذکرہ مناظرے کی روداد کو ایک مضمون کی شکل میں لکھنے کا ارادہ کیا تو محترم مولانا سے درخواست کی کہ وہ تاریخ احمدیت کے حوالہ کی فوٹو کاپی عنایت فرمائیں۔ آپ نے اس حوالہ کے علاوہ یہ کمال کیا کہ الفضل قادیان مورخہ 11 دسمبر 1944ء کے ص 6 کی فوٹو سٹیٹ دس منٹ میں مہیا فرما دی جس سے خاکسار کو اصل ماخذ مہیا ہوگیا۔ اللہ تعالیٰ آپ کو بہترین جزائے خیر عطا کرے۔

صد سالہ خلافت جوبلی کے خاص موقع پر خاکسار کے مبارکباد کے خط میں محترم مولانا نے کئی علمی نکات تحریر فرمائے اور ساتھ انجیل برنباس کے حوالے کی فوٹو سٹیٹ بھی ارسال فرمائی۔

(مکتوب مورخہ 25 مئی 2008ء)

......اول:۔ جشن صد سالہ خلافت کی حضرت مسیح الزماں کے مقدس کلمات میں ''سومبارک''۔

دوم:۔ ایک بار حضرت مسیح موعود کو عید کی صبح الہام ہوا جس پر حضرت نے یہ لطیف فقرہ لکھا ہے کہ عید کے دن دستور ہے کہ پیارے دوست ایک دوسرے کو تحفہ دیتے ہیں۔ سو میرے محبوب خدا نے مجھے یہ تحفہ عطا فرمایا۔ آپ کا بیش قیمت ''تحفہ عید'' باعث افتخار و اعزاز ہوا۔

سوم:۔ ایک حیرت انگیز بات یہ ہے کہ انجیل برنباس باب 82 میں حضرت مسیح ناصری کی یہ پیشگوئی موجود ہے کہ میں تو بنی اسرائیل کا مسیح ہوں۔ عالمگیر مسیح کے زمانہ میں ہر سال جوبلی منائی جایا کرے گی (ساتھ ہی اصل حوالے کی فوٹو کاپی بھی ارسال فرمائی۔ ناقل) علم و عرفاں میں مزید اضافہ کے لئے یہ نکتہ بھی ہے کہ مأۃ عام کے الفاظ مسیح موعود کو بھی بتائے گئے جن میں خبر دی گئی کہ سو سال کے بعد بستی (Global Village) کا احیاء مقدر ہے۔ سو اس انقلاب انگیز جوبلی کی بیشمار مبارکبادیں ہوں۔ دوبارہ شکریہ، ہزار بار شکریہ''۔

خاکسار نے چند سال پہلے اپنے والد محترم (جنہیں ڈلوال کا پہلا احمدی ہونے کا شرف حاصل ہوا) اور ڈلوال کے دوسرے احمدی گھرانے جس کے سربراہ ہمارے کزن راجہ محمد نواز صاحب تھے کے حالات اور واقعات پر مبنی ایک مضمون تحریر کیا تھا جو مؤقر الفضل ربوہ میں بعنوان ''ڈلوال میں نفوذ احمدیت اور ہمارے خاندانی حالات'' دو قسطوں (3 مارچ 2005ء اور 4 مارچ 2005ء) میں شائع ہوا تھا۔ محترم مولانا دوست محمد شاہد صاحب کا احسان ہے کہ انہوں نے میرے والد محترم راجہ فضل داد خان صاحب (سن وفات 1959ء) سے متعلق متذکرہ مضمون کا حصہ تاریخ احمدیت جلد 20 (جس میں 1960ء کے آخر تک کے حالات و واقعات درج ہیں) میں شامل فرما دیا اس بے نفسی اور بے لوث شفقت کے ساتھ کہ خاکسار کو بطور احسان جتلانا تو ایک طرف رہا کوئی ذکر تک نہیں کیا کہ وہ خاکسار اور خاکسار کے خاندان پر قیامت تک کے لئے یہ احسان کر رہے ہیں۔ ع

تیرے اس لطف کی اللہ ہی جزا دے ساقی

قدرتی بات ہے کہ خاکسار نے محترم مولوی صاحب کی اس عظیم و بے لوث عنایت پر دلی شکریے کا خط لکھا۔ محترم مولوی صاحب نے جوابی خط میں حضرت مصلح موعود اور تاریخ احمدیت سے متعلق مندرجہ ذیل بہت پیاری باتیں تحریر کی ہیں۔

دراصل یہ احسان عظیم دنیا پر قیامت تک کے لئے سیدنا حضرت مصلح موعود کا ہے جن کی توجہ خاص اور فرمان خاص سے 25 جون 1953ء کو ''تاریخ احمدیت'' کا ننھا پودا لگا جو اب تناور درخت بن گیا ہے میں نے حضور کی خدمت میں اپنی نالائقی اور بے بضاعتی کا عذر پہلے ہی دن پیش کر دیا تھا جس پر مقدس و محبوب آقا نے فرمایا۔ خلیفہ وقت جسے کوئی خدمت سپرد کرتا ہے اس کے لئے دعا بھی کرتا ہے اور خلفاء کی حقانیت کا ثبوت یہی قبولیت کا نشان ہے۔ ؎

اک وقت آئے گا کہ کہیں گے تمام لوگ
ملت کے اس فدائی پہ رحمت خدا کرے

(از مکتوب مورخہ 9/اکتوبر 2008ء)

محترم مولانا دوست محمد شاہد صاحب نے تاریخ احمدیت کے عظیم کارنامے کے علاوہ اپنی باسٹھ سالہ فعال زندگی میں سینکڑوں بلکہ شاید ہزاروں علمی، ادبی، تحقیقی اور جوابی مضامین تحریر فرمائے جو سلسلہ کے مختلف جرائد و رسائل کی زینت بنتے رہے اور اب بھی ان کی تحریروں کی لائن لگی ہوئی ہے جو ایک عرصہ تک شائع ہوتی رہیں گی۔

بیشک محترم مولوی صاحب وہ قابل صد رشک اور کامگار وجود تھے جنہوں نے احمدیت کے چار خلفائے ربانی کے ارشاد کے تحت سچی وفا اور بھرپور صلاحیتوں کے ساتھ دن رات خدمات انجام دیں اور ان چاروں محبوب خلفاء کی خوشنودی اور پذیرائی حاصل کی۔ اللہ تعالیٰ محترم مولوی صاحب کی خدمات اور قربانیوں کو قبول فرمائے اور انہیں کروٹ کروٹ جنت نصیب فرمائے۔

محترم مولوی صاحب اپنی دن رات کی خدمات اور خلافت کے ساتھ دیوانہ وار وابستگی اور وارفتگی کے باعث بفضل اللہ تعالیٰ حضرت مصلح موعود کے اس شعر کے مصداق تھے۔ ؎

عاقل کا یہاں پر کام نہیں وہ لاکھوں بھی بے فائدہ ہیں

SHQ11

مکرم جمال الدین شاکر صاحب

عملی نمونہ کا اثر

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز بار بار والدین کے لئے زور دے رہے ہیں کہ اپنے عملی نمونوں اور دعاؤں کے ساتھ اپنے بچوں بچیوں کی تربیت کا کام کریں تو آسان ہوگا۔ ذیل میں تاریخ کا مشہور واقعہ حضرت صاحبزادہ مرزا بشیر احمد صاحب کے قلم سے تحریر کیا جا رہا ہے۔ یہ واقعہ صلح حدیبیہ کے موقع کا ہے جس میں ام المومنین حضرت ام سلمہؓ کی فراست نے مومنوں اور رسول اللہ ﷺ کو ایک بڑی الجھن سے نجات دی اور یہی عملی نمونے کا طریق ماؤں اور لجنات کی تربیت کے لئے آسان ترین ہے۔

گھروں میں ماں اور باپ مل کر دعاؤں کے ساتھ پاک عملی تبدیلی کا بچوں اور بچیوں کو نمونہ دیں تو تربیت کا مشکل ترین کام جلد جلد مؤثر رنگ دکھائے گا۔

صلح حدیبیہ کے معاہدہ کے بعد حج نہ کر سکنے اور بظاہر شکست کھانے، گر کر (باوجود طاقت رکھنے کے) صلح کی شرائط قبول کرنے کی وجہ سے مومن، جو رسول اللہؐ کے اشاروں پر جان و مال فدا کرنے والے تھے، نڈھال سے ہوگئے کہ کیوں ہم لوگ رسول اللہ ﷺ کی موجودگی اور قرآنی وحی کے اشاروں کے باوجود حج کئے بغیر واپس جائیں۔

آنحضرت ﷺ نے جب صحابہ کو حکم دیا کہ سر منڈوائیں اور قربانیاں اسی جگہ ذبح کر کے واپس مدینہ جانے کی تیاری کریں تو جو صورت حال سامنے آئی وہ یہ تھی: آنحضرت ﷺ نے اپنے ارشاد کو دوبارہ سہ بارہ دوہرایا مگر کسی صحابی نے سامنے سے حرکت نہ کی۔ آنحضرت ﷺ کو اس کا صدمہ ہوا اور آپؐ اپنے خیمہ کے اندر تشریف لے گئے۔ اندرون خانہ آپ کی حرم محترم حضرت ام سلمہؓ جو ایک نہایت زیرک خاتون تھیں یہ سارا نظارہ دیکھ رہی تھیں۔ انہوں نے اپنے مؤقر اور محبوب خاوند کو فکرمند حالت میں اندر آتے دیکھا اور آنحضرت ﷺ کے منہ سے آپ کے فکر اور تشویش کی تفاصیل معلوم کیں تو ہمدردانہ محبت کے انداز میں عرض کیا کہ یا رسول اللہؐ آپ رنج نہ فرمائیں۔ آپؐ کے صحابہ خدا کے فضل سے نافرمان نہیں مگر اس صلح کی شرائط نے انہیں غم سے دیوانہ بنا رکھا ہے۔ پس میرا مشورہ یہ ہے کہ آپؐ ان سے کچھ نہ فرمائیں۔ بلکہ خاموشی کے ساتھ باہر جا کر اپنے قربانی کے جانور کو ذبح فرمائیں اور اپنے سر کے بالوں کو منڈوا دیں۔ پھر آپؐ کے صحابہ خود بخود آپ کے پیچھے ہو لیں گے۔ آنحضرت ﷺ کو یہ تجویز پسند آئی اور آپؐ نے باہر تشریف لا کر بغیر کچھ کہے قربانی کے جانور کو ذبح کر کے اپنے سر کے بال منڈوانے شروع کر دیئے۔ حضرت ام سلمہؓ کی تجویز کارگر ثابت ہوئی۔

(سیرت خاتم النبیین جلد سوم ص 70-769 مطبوعہ 1920ء)

رسول اللہؐ کے اس عملی نمونہ سے صحابہ نے بھی قربانیاں کرنی شروع کر دیں اور سر منڈوانے یا کتروانے شروع کر دئے اور مدینہ واپس جانے کی تیاری شروع ہوگئی۔ اس عظیم الشان واقعہ میں جو بعد میں فتح مکہ پر منتج ہوا۔ علاوہ کئی دوسری حکمتوں کے یہ دو بڑے سبق موجود ہیں۔

1۔ جہاں قول کا اثر نہ ہو عمل اثر کرتا ہے۔

2۔ صورت حالات سے حضرت ام المومنین ام سلمہؓ کی گہری دلچسپی اور پیش آمدہ مشکل سے نکلنے کے لئے تجویز۔

نیک کاموں میں اطاعت کرنے والے، اخلاص و وفا کے مجسمے اور جان نثاری کے لئے ہر وقت تیار رہنے والے صحابہ جن میں ابوبکرؓ عمرؓ و علیؓ جیسے نامور بھی تھے، مشکل قومی فیصلہ سامنے آنے پر، رسول اللہ ﷺ کی عملی سنت سے اطاعت پر تیار ہوئے۔

اس نمونہ سے ظاہر ہے باتوں اور تلقین عمل کے ساتھ ساتھ عملی نمونہ پر بار بار توجہ دی جائے تاکہ آئندہ نسل بھی اگر قول سے اثر نہیں لیتی تو حسن عمل، صالح عمل سے ضرور رنگ پکڑے گی۔

مکرم ملک منور احمد جاوید صاحب نائب ناظر ضیافت

میرے والدین

محترمہ سلیمہ خاتون صاحبہ۔ محترم ملک مظفر احمد صاحب

مقصود میرا پورا ہو اگر مل جائیں مجھے دیوانے دو

آج سے تقریباً 30 سال قبل صرف گیارہ ماہ کے قلیل عرصہ کے دوران میرے والدین کی وفات نے جو درد جدائی دیا ہے وہ انتہائی صبر آزما ہے جس کی کسک بارہا ناقابل برداشت ہو جاتی ہے یوں محسوس ہوتا ہے کہ کسی تپتے ہوئے صحرا میں پھینک دیا گیا ہوں۔ آج ان کا ذکر کرتے ہوئے بھی قلم کانپتا ہے اور جذبات بے قابو ہو جاتے ہیں اور بے اختیار آنسوؤں سے لبریز نگاہیں اس غیر فانی مضبوط سہارے کی طرف اٹھتی ہیں جو زخم پر مرہم لگاتا ہے اور ہر دکھ کا مداوا بھی کرتا ہے جو صبر جمیل کا حکم بھی دیتا ہے اور صبر جمیل عطا بھی کرتا ہے۔ وہ وہی مالک دو جہاں ہے جس کی طرف میرے پیارے والدین گئے اور جس کی طرف میں نے بھی جانا ہے۔

میری والدہ محترمہ

میری پیاری امی جان جنہیں میں آپا بھی کہا کرتا تھا سلیمہ خاتون صاحبہ اہلیہ مکرم ملک مظفر احمد صاحب مرحوم نے سترہ سال کی لمبی بیماری کا عرصہ نہایت ہی صبر سے گزارا۔ نہایت قوت برداشت سے جان لیوا ان گنت بیماریوں کا مقابلہ کیا اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے عطا کردہ مضبوط قوت ارادی سے ہر بیماری کو شکست دی۔ بے ہوشی کے خطرناک دورے پڑتے۔ میں اپنے چھوٹے بھائیوں کو ڈاکٹروں کی طرف دوڑاتا اور خو نہایت ہی مضبوط سہارے کی طرف دوڑتا اور فقیروں کی طرح اپنے رب کے حضور سجدہ میں گر کر ”ابھی نہیں۔ ابھی نہیں“ کی عاجزانہ التجا کا گریہ وزاری سے ورد کرتا۔ الحمدللہ...... اللہ تعالیٰ نے سترہ سال ہی عاجزانہ دعاؤں کو محض اپنے فضل سے قبول کیا اور امی جان کو ہر روز ہی نئی زندگی ملتی رہی...... مگر آخر ایک دن مولا کریم نے اپنی بات منوالی اور میری بہت ہی پیار کرنے والی امی نے اس غیر فانی دنیا کو الوداع کہتے ہوئے اپنے رفیق اعلیٰ کی طرف سے بلاوے پر اپنی عمر کے 63 ویں سال لبیک کہہ دیا۔

بلانے والا ہے سب سے پیارا
اسی پہ اے دل تو جان فدا کر

پھولوں کی طرح نازک احساسات رکھنے والی مگر بڑی باہمت، دینی غیرت اور جوش رکھنے والی۔ پابند نماز۔ جب اللہ تعالیٰ رات کے تیسرے پہر نچلے آسمان پر آ کر اہل زمین کی طرف رجوع فرماتا تو ہمیشہ ہی امی جان کو اپنی فریادوں اور گریہ وزاری میں مصروف پاتا۔ انتہائی خرابی صحت کی حالت میں بھی نہ تو کبھی لجنہ کے سالانہ اجتماع کا ناغہ کیا اور نہ ہی کبھی جلسہ سالانہ سے غیر حاضر ہوئیں۔ ہمیشہ ہی کہا کرتیں کہ نہ معلوم اگلے سال زندہ رہوں گی یا نہیں۔ اصرار کے ساتھ جلسہ سالانہ پر ایک ہفتہ قبل جاتیں۔ اگر 20 دسمبر کی تاریخ آجاتی تو مجھے اکثر ان کی ناراضگی کا سامنا کرنا پڑتا کہ تم نے مجھے لیٹ کر دیا ہے۔ پھر باقاعدگی سے ساری تقاریر جلسہ گاہ میں بیٹھ کر سنتیں اور شام کو واپس آ کر ان کو بار بار بیان کرتیں۔

ابتدائی زمانہ بڑی ہی غربت اور پریشانی میں گزارا۔ لیکن نہایت درجہ صبر کے ساتھ دعاؤں پر زور رکھا اور اپنی ساری اولاد اور خصوصاً اس عاجز کو خدا تعالیٰ کی طرف سے ملنے والی فراخی رزق کی بشارتوں سے ہمیشہ ہی ایک لازوال حوصلہ اور بلند ہمتی عطا کی۔ ان گنت سچی خوابوں کے ذریعہ آنے والے حالات کی خبر دیتی رہیں اور ہم اس خوف سے بھی کمزوریوں کا شکار ہونے سے کافی حد تک بچے رہے کہ مبادا امی جان کو خواب کے ذریعہ پتہ لگ جائے۔ خدا تعالیٰ نے پانچ لڑکے اور تین لڑکیاں عطا کیں اور زندگی میں ہی سب کی شادیوں کی توفیق پا کر ان کے 19 بچوں اور بچیوں کو دیکھا۔ امی جان نے اپنی ساری ہی اولاد سے باوجود نالائقیوں اور نادانیوں کے ٹوٹ کر پیار کیا اور اولاد کا حق پرورش خوب نبھایا میرے ساتھ بوجہ بڑا ہونے کے عشق و پیار کا ایک عجیب سا تعلق تھا۔ جو بیان سے بھی باہر ہے اور نہ ہی اس کی تفصیل لکھنے کی خود میں ہمت پاتا ہوں۔ اکثر بوقت دعا میرے لئے ”یا الٰہی میری چھت کی خیر“ کے الفاظ فرماتیں۔ میرا نام بہت کم لیا کرتیں اکثر کاکا کہہ کر ہی آواز دیتیں۔ اپنی آخری بیماری میں میری کسی وقت کی غیر حاضری میں دوسرے عزیزوں کو کہتیں بلاؤ۔ میرے ٹھیکیدار کو۔ میرے عرض کرنے پر فرماتیں۔ ہاں میرا ٹھیکہ تو خدا نے تم کو دیا ہوا ہے۔ تم جب میرے پاس آتے ہو تو میری آدھی بیماری ختم ہو جاتی ہے۔ میری اولاد کو ہمیشہ اپنے خزانے قرار دیئے۔ میری اہلیہ محترمہ سلمیٰ جاوید صاحبہ کو ان کی زندگی میں بارہ سال جس بے مثال خدمت کی توفیق ملی۔ اس پر ہر ایک کے سامنے اظہار خوشنودی فرماتیں اور بے اختیار دعا کرتیں۔ آخری لمبی بیماری میں گھر اور ہسپتال دونوں جگہ سب بہن بھائیوں اور بھاوجوں نے بے حد خدمت کی توفیق پائی۔ اللہ تعالیٰ سب کو جزائے خیر دے اور ہمیشہ سرسبز رکھے نیز یتیمی کے کرب کو اپنی شفقت سے کم کر دے۔ (آمین)

اپنے دونوں مرحوم بھائیوں اور والدین کے درجات کی بلندی کے لئے ہر آن گریہ وزاری کرتی رہتیں اور یہ مصرعہ اکثر ورد زبان رہتا۔

بچھڑے ہوؤں کو جنت الفردوس میں ملا

17 مئی 1979ء کو صبح دس بجے فالج کا حملہ ہوا اور ڈیڑھ ماہ ہسپتال میں زیر علاج رہ کر یکم جولائی 1979ء کو صبح دس بجے مالک حقیقی سے جاملیں۔ نماز مغرب کے بعد بیت مبارک ربوہ میں نماز جنازہ محترم مولانا عبدالمالک خان صاحب نے پڑھائی اور حسب ذیل الفاظ میں میرے ساتھ اظہار تعزیت فرما کر ایک عجیب حوصلہ دیا:۔

”جاوید صاحب۔ مقصد حیات یہ ہے کہ انسان کا انجام بخیر ہو۔ حضرت اقدس نے بہشتی مقبرہ میں دفن ہونے والوں کے لئے الٰہی منشاء سے بڑی بھاری بشارتیں دی ہیں اور میرے پاس آپ کی امی جان کی بہشتی مقبرہ میں تدفین کے لئے محترم امیر صاحب مقامی کی طرف سے اجازت نامہ آ گیا ہے۔ میں تو اس موقع پر آپ کو مبارک دیتا ہوں۔“

بے اختیار دل اللہ تعالیٰ کی حمد اور شکر کے جذبات سے بھر گیا بوقت تدفین دعا محترم مولوی دوست محمد صاحب شاہد نے کروائی اور ہم سب غم زدہ سب حقیقتوں کے باوجود ایک مستقل درد جدائی لئے ہوئے امی جان کو سپرد خاک کر کے واپس لوٹے۔

محترم والد صاحب

اس صدمہ کے ٹھیک گیارہ ماہ بعد 30 مئی 1980ء کو میرے پیارے ابا جان محترم ملک مظفر احمد صاحب صدر موصیان جماعت احمدیہ گنج مغل پورہ نماز تہجد کے وقت دل کا اچانک دورہ پڑنے سے انتقال فرما گئے۔ انتہائی عبادت گزار تہجد میں باقاعدگی ایک مثالی بات تھی۔ اول وقت ہر نماز بیت الذکر میں باجماعت ادا کرتے۔ ذکر الٰہی سے ہر وقت اپنی زبان کو تر رکھتے۔ نماز کی ادائیگی کے لئے اپنا لباس الگ رکھتے اور ہر نماز سے پہلے اسے پہن لیتے۔ جماعت احمدیہ مغلپورہ کے سبھی احباب نے میرے ساتھ اظہار تعزیت کرتے ہوئے یہی کہا کہ آج ہماری جماعت کا نمبر ایک نمازی وفات پا گیا۔ واقفین سلسلہ کا انتہائی احترام کرتے۔ آپ نے 1/10 حصہ کی وصیت کی مگر بعد میں پہلے 1/9 پھر 1/8 اور بعدازاں 1/7 تک اپنے معیار وصیت کو لے گئے۔ دعوت الی اللہ کا خاص جوش رکھتے تھے۔ اپنی زندگی کے آخری جلسہ پر بھی دو غیر از جماعت دوستوں کو اپنے ساتھ لے کر گئے۔

انتہائی غربت کا زمانہ انتہائی صبر سے گزارا اور کبھی بھی مایوسی کو پاس نہیں آنے دیا۔ ذرا گھبراہٹ پیدا ہوئی تو فوراً نماز میں کھڑے ہو گئے وفات کے دن خاکسار غیر ارادی طور پر سارا دن ان کے کمرہ میں ہی رہا۔ طبیعت میں گھبراہٹ ضرور تھی مگر خطرے والی بات نہ تھی۔ اپنے کمرہ میں کسی کو سونے نہیں دیتے تھے۔ ایک رات قبل ان کی کمزوری کے پیش نظر میں نے ان کے کمرہ میں سونے کی خواہش کی تو اجازت نہ دی اور فرمایا کہ رات کے آخری حصہ میں اللہ تعالیٰ کے ساتھ بندوں کے کچھ راز و نیاز ہوتے ہیں ان پر پردہ ہی رہنے دو اور تم دوسرے کمرے میں سو جاؤ۔ مگر وفات والی رات اپنے کمرے میں لیٹنے سے مجھے نہیں روکا مغرب اور عشاء کی نمازیں چارپائی پر ادا کیں۔ رات ایک بجے تک میرے ساتھ باتیں کرتے رہے پھر دوائی کھا کر لیٹ گئے۔ اڑھائی بجے میرے دریافت کرنے پر فرمایا میں ٹھیک ہوں تم سو جاؤ۔ لیکن دس منٹ بعد اچانک دل کے دورہ سے وفات پا گئے اور فوری طور پر ڈاکٹر کا بلانا بھی کارگر نہ ہوا۔ جمعہ کی نماز کے بعد بیت اقصیٰ ربوہ میں کثیر احباب نے جنازہ پڑھا اور نماز مغرب سے ذرا پہلے بہشتی مقبرہ میں پیارے اباجان کی تدفین عمل میں آئی۔

اور اس طرح ہم سب بہن بھائی ماں باپ کی بے پایاں شفقت سے ہمیشہ کے لئے محروم ہو گئے۔ جو کسی طور پر بھی قیامت سے کم نہیں۔ سیدنا حضرت رسول کریم ﷺ کا ارشاد ہے کہ اولاد کی طرف سے صدقات اور دعاؤں سے ماں باپ کے درجات بلند ہوتے ہیں۔ خدا کرے کہ ہم سب بہن بھائیوں کو اس ارشاد پر عمل کرنے کی توفیق مل جائے۔ ان کی وفات کے بعد ایک اور حدیث پاک علم میں آئی جس میں حضرت رسول کریم ﷺ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ستر ہزار لوگوں کی مغفرت فرمائے گا۔ اسی دن سے ایک آگ سی اپنے اندر لگی پاتا ہوں کہ میرا خدا میرے والدین کی بھی بے حساب مغفرت فرما کر زمرہ ابرار میں شامل فرمائے اور سیدنا حضرت رسول عربی ﷺ کے مبارک قدموں میں جگہ دے کر میری تڑپ کو ٹھنڈا کرنے کے سامان پیدا فرماوے۔ میری روح تو ان کے فراق میں تڑپتی ہوئی اپنے رب کے حضور یہ ہی عرض کرتی ہے۔

”بچھڑے ہوؤں کو جنت الفردوس میں ملا“

گلاب کا پھول

صنّاع حقیقی کا شاہکار

سیدنا حضرت مسیح موعودکی ایک وجد آفریں مقدس تحریر:

''یہ امر ہریک عاقل کے نزدیک بغیر کسی تردد اور توقف کے مسلّم الثبوت ہے کہ گلاب کا پھول بھی مثل اور مصنوعات الٰہیہ کے ایسی عمدہ خوبیاں اپنی ذات میں جمع رکھتا ہے جس کی مثل بنانے پر انسان قادر نہیں اور وہ دوطور کی خوبیاں ہیں۔ ایک وہ کہ جو اس کی ظاہری صورت میں پائی جاتی ہیں اور وہ یہ ہیں کہ اس کا رنگ نہایت خوشنما اور خوب ہے اور اس کی خوشبو نہایت دل آرام اور دل کش ہے اور اس کے ظاہر بدن میں نہایت درجہ کی ملائمت اور ترو تازگی اور نرمی اور نزاکت اور صفائی ہے اور دوسری وہ خوبیاں ہیں کہ جو باطنی طور پر حکیم مطلق نے اس میں ڈال رکھی ہیں یعنی وہ خواص کہ جو اس کے جوہر میں پوشیدہ ہیں اور وہ یہ ہیں کہ وہ مفرح اور مقویٔ قلب اور مسکن صفرا ہے اور تمام قویٰ اور ارواح کو تقویت بخشتا ہے اور صفرا اور بلغم رقیق کا مسہل بھی ہے اور اسی طرح معدہ اور جگر اور گردہ اور امعا اور رحم اور پھیپھڑہ کو بھی قوت بخشتا ہے اور خفقان حار اور غشی اور ضعف قلب کے لئے نہایت مفید ہے اور اسی طرح اور کئی امراض بدنی کو فائدہ مند ہے۔ پس انہیں دونوں طور کی خوبیوں کی وجہ سے اس کی نسبت اعتقاد کیا گیا ہے کہ وہ ایسے مرتبۂ کمال پر واقعہ ہے کہ ہرگز کسی انسان کے لئے ممکن نہیں کہ اپنی طرف سے کوئی ایسا پھول بناوے کہ جو اس پھول کی طرح رنگ میں خوشنما اور خوشبو میں دلکش اور بدن میں نہایت تر و تازہ اور نرم اور نازک اور مصفا ہو اور باوجود اس کے باطنی طور پر تمام وہ خواص بھی رکھتا ہو جو گلاب کے پھول میں پائے جاتے ہیں۔ اور اگر یہ سوال کیا جائے کہ کیوں گلاب کے پھول کی نسبت ایسا اعتقاد کیا گیا کہ انسانی قوتیں اس کے نظیر بنانے سے عاجز ہیں اور کیوں جائز نہیں کہ کوئی انسان اس کی نظیر بنا سکے اور جو خوبیاں اس کی ظاہر و باطن میں پائی جاتی ہیں وہ مصنوعی پھول میں پیدا کر سکے تو اس سوال کا جواب یہی ہے کہ ایسا پھول بنانا عادتاً ممتنع ہے اور آج تک کوئی حکیم اور فیلسوف کسی ایسی ترکیب سے کسی قسم کی ادویہ کو بہم نہیں پہنچا سکا کہ جن کے باہم مخلوط اور ممزوج کرنے سے ظاہر و باطن میں گلاب کے پھول کی سی صورت اور سیرت پیدا ہو جائے۔ اب سمجھنا چاہئے کہ یہی وجہ بے نظیری کی سورۃ فاتحہ میں بلکہ قرآن شریف کے ہریک حصہ اقل قلیل میں کہ جو چار آیت سے بھی کم ہو پائی جاتی ہیں''۔

(براہین احمدیہ۔ روحانی خزائن جلد نمبر 1 ص 396)

مکرم ڈاکٹر نذیر احمد مظہر صاحب

دمہ اور اس کا علاج

موجودہ مہنگائی کے دور میں علاج معالجہ بہت مہنگا ہو چکا ہے ڈاکٹروں کی بھاری فیسیں، مہنگے ٹیسٹ، قیمتی ادویات ہر کسی کے بس کا روگ نہیں رہے۔ ہم ذیل میں ایسے آزمودہ نسخہ جات تحریر کر رہے ہیں جو بفضل خدا مفید بھی ہیں اور بے ضرر بھی۔

ان کے ذریعے ضرورت مند لوگ اپنا علاج بآسانی خود گھر پر کر سکتے ہیں۔ خصوصاً بچوں کا علاج اس طریق سے ضرور کرنا چاہئے ورنہ دیگر علاجوں سے وہ دمہ کے دائمی مریض بھی بن سکتے ہیں۔

پھیپھڑوں کے الرجک دمہ کے لئے درج ذیل علاج ہمارے تجربہ میں بفضل خدا بے حد موثر ثابت ہوا ہے۔ بکثرت مریض چند ماہ کے علاج کے بعد بفضل خدا مکمل طور پر صحت یاب ہو جاتے ہیں۔

نسخہ نمبر 1

نیٹرم کلور 30۔ کالی فاس 30۔ یرباسانٹا 30 ویراٹرم ایلب 30۔ ہائی پوفائی سس 30۔ نیٹرم سلف 30۔ کاربوویج 30۔ برائیونیا 30۔ بیلاڈونا 30۔ آرسینک ایلب 30۔

کسی ہومیو سٹور سے 30 طاقت میں ایک ہی شیشی میں لیکوئیڈ فارم میں تیار کروالیں۔

مقدار خوراک

پانچ تا دس قطرے ایک گھونٹ پانی میں ملا کر تین چار مرتبہ (کھانا کھانے سے پہلے) استعمال کریں۔

نسخہ نمبر 2

مینتھول 30۔ ایفی ڈرین ہائیڈروکلورائیڈ 30۔ ایمی وسناگا 30۔ اسٹرے مونیم 30۔ لوبیلیا 30۔ کالیم جوڈائم 30۔ ڈروسرا 30۔ کان ولیریا مجیلس 30۔ ایکونائٹ 30

(یہ دونوں نسخے بیک وقت استعمال کر سکتے ہیں بلکہ اس طرح زیادہ فائدہ ہوگا)

مقدار خوراک

پانچ تا دس قطرے ایک گھونٹ پانی میں ملا کر تین چار مرتبہ (کھانا کھانے سے پہلے) استعمال کریں۔

فوائد

پھیپھڑوں کے الرجک دمہ میں مذکورہ بالا ہر دو نسخہ جات ہمارے تجربہ میں بفضل خدا بے شمار مرتبہ موثر ثابت ہوئے ہیں۔ بلکہ بہت سے مریضوں کو خدا تعالیٰ نے دمہ کے موذی مرض سے مکمل طور پر نجات بخشی ہے۔

گھریلو طبی نباتاتی علاج

(Herbal Home Remedy)

السی کے بیج (Linseed) گرائینڈ کر کے ڈیڑھ چمچ کا قہوہ (بغیر دودھ) چینی ملا کر یا بغیر ملائے صبح، شام پلانا قیمتی فوائد رکھتا ہے۔ (چینی کی بجائے سفوف ملٹھی (Liquorice) نصف چمچ ملانا اور بھی زیادہ فائدہ مند ہے)۔

سہاگہ سفید (Borax) توے پر کھل کر کے ایک چمچ کو چار گنا شہد یا شربت بنفشہ میں ملا کر دو تین انگلی چٹانا چاہئے۔ چند روز میں واضح فائدہ کرتا ہے مخرج بلغم ہے۔

